رکوع سے اٹھنے کی دعائیں

١- «سَمِعَ اللَّهُ لِمَنْ حَمِدَهُ» "سن لی اللہ نے جس نے اس کی تعریف کی"۔(بخاری)

٢- «رَبَّنَا وَلَكَ الحَمْدُ حَمْدًا كَثِيرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيهِ» " اے ہمارے پروردگار اور تیرے ہی لئے تمام تعریف ہے، تعریف بہت زیادہ، پاکیزہ جس میں برکت کی گئی ہے"۔(بخاری)

٣- « مِلْءَ السَّمَاوَاتِ، وَمِلْءَ الْأَرْضِ، وَمِلْءَ مَا بَيْنَهُمَا، وَمِلْءَ مَا شِئْتَ مِنْ شَيْءٍ بَعْدُ، أَهْلَ الثَّنَاءِ وَالْمَجْدِ، أَحَقُّ مَا قَالَ الْعَبْدُ وَكُلُّنَا لَكَ عَبْدٌ، لَا مَانِعَ لِمَا أَعْطَيْتَ،وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ، وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ »

" اے اللہ! اے ہمارپروردگار تیرے ہی لئے تعریف ہے اتنی جس سے آسمان بھر جائیں اور زمیں بھر جائے اور ان دونوں کے درمیان بھر جائے اور اس کے بعد جو چیز تو چاہے بھر جائے اے تعریف وبزرگی کے لائق! سب سے سچی بات جو بندے نے کہی ہے وہ یہ ہے کہ ہم سب تیرے بندے ہیں اے اللہ جو تو دے اسے کوئی روکنے والا نہیں اور جو تو روک لے اسے کوئی دینے والا نہیں۔کسی شان والے کو اس کی شان تیرے یہاں کوئی فائدہ نہیں پہنچا سکتی"۔(مسلم)